## الطاف حسین کی اپیل پر ورکرز اجلاس کے موقع پر جمع ہونیوالا لاکھوں روپے کا چندہ کے کے ایف میں جمع کروادیا گیا

کراچی۔۔۔23، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کی اپیل پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی سمیت ذمہ داران و کارکنان نے لاکھوں روپے فنڈ جمع کروایا جو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی آفس میں جمع کروادیا گیا۔ واضح رہے کہ اتوار کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کا جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا تھا جس سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے فکر انگیز خطاب کیا تھا اس دوران انہوں نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی و سینیٹ سمیت تمام ذمہ داران وار کارکنان سے امداد کی اپیل کی تھی۔

## سیلاب زدگان کیلئے کراچی، حیدرآباد، سکھر ایم کیو ایم کی طبی و امدادی سرگرمیاں، رابطہ کمیٹی، حق پرست نمائندوں کے متاثرہ علاقوں کے دورے، ریلیف کیمپوں میں غذائی اجناس، امدادی سامان تقسیم کیا

کراچی۔۔۔23، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ سمیت سکھر، حیدرآباد میں بیس کیمپوں کے قیام کے علاوہ ملک بھر میں دو سو سے زائد مقامات پر امدادی کیمپ لگائے گئے ہیں جہاں حق پرست عوام خصوصاً مخیّر حضرات کی جانب سے امدادی سامان، غذائی اجناس، ادویات اور نقد عطیات جمع کروائے جا رہے ہیں جبکہ کراچی سمیت سکھر، حیدرآباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں سیلاب زدگان میں خوراک اور امدادی سامان کی ترسیل کا کام بغیر تاخیر کے تیزی سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں کراچی کے مختلف سیکٹرز و یونٹس کے تحت بنائے گئے ذیلی ریلیف کیمپوں سے آٹے مختلف اقسام کی دالیں، بیس، چاول اور چنے کے دس کلو والے ہزاروں بیگز، گھی، تیل، چائے کی پتی، خشک دودھ، منرل واٹر، مشروبات کی بوتلیں اور بھاری مقدار میں دیگر امدادی سامان جمع کر کے ٹرکوں کے ذریعے کراچی میں واقع خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر فیڈرل بی ایریا پہنچایا گیا جہاں سے یہ امدادی سامان پیکنگ کے مراحل کے فوری بعد سیلاب زدگان میں تقسیم کیلئے روانہ کردیا جائیگا۔ دریں اثناء سکھر میں پولی ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ برائے خواتین منارہ روڈ سکھر پر سیلاب زدگان کیلئے قائم فیلڈ اسپتال میں مختلف امراض کے ماہر خواتین اور مرد ڈاکٹرز مریضوں کو طبّی سہولیات کی فراہمی میں مصروف عمل ہیں اس سلسلے میں کم و بیش آٹھ سو سے ایک ہزار مریضوں کا مکمل چیک اپ کر کے انہیں طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جبکہ تمام مریضوں کو جان بچانے والی قیمتی ادویات کے ساتھ ساتھ صاف پینے کا پانی (منرل واٹر) بھی فراہم کیا جارہا ہے۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے صوبائی وزیر نثار پنہور، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی و اراکین کے ہمراہ فیلڈ اسپتال سکھر کا دورہ کیا اور متاثرین کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا بعدازاں انہوں نے سکھر میں ایم کیو ایم کے تحت قائم ریلیف بیس کیمپوں اور سکھر بائی پاس کا دورہ کیا اور متاثرین میں خوراک اور کھانے پینے کی اشیاء تقسیم کیں۔ اسی طرح حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست وزیر نثار پنہور نے سکھر میں سندھ کینال میں پڑنے والے شگاف سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے سندھ کینال میں پڑنے والے شگاف سے متاثرہ علاقوں کے عوام سے جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا اور انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ سیلاب زدگان کی امداد کیلئے حیدرآباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت مزید کیمپس قائم کیئے جارہے ہیں جبکہ لبرٹی میں بھی امدادی کیمپ قائم کردیا گیا امدادی کیمپ پر عوام اور مخیّر حضرات کی جانب سے بھاری مقدار میں غذائی اجناس خشک دودھ، چاول، آٹا، دالیں، گھی، تیل، چینی، نمک اور مصالحہ جات کے علاوہ کمبل، چادریں، کپڑے و دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء جمع کروائی جارہی ہیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان یاور فیصل، فرید احمد، حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج محمد شریف و اراکین کے ہمراہ حسین آباد، لطیف آباد نمبر 4، 5، 10 اور 11 کے بچاؤ بند کا دورہ کیا اور ریلیف کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے روزے اور تیز دھوپ اور گرمی کی شدت کے باوجود بند کے حفاظتی کاموں میں مصروف کارکنان سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے حیدرآباد کے علاقے کوہ نور، فقیر کا پڑھ، پنجرہ پول اور پھلیلی تانگہ اسٹینڈ پر لگائے گئے امدادی کیمپوں کا دورہ کیا اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ دریں اثناء ڈاکٹر صغیر احمد نے ڈی سی او آفتاب کھتری، محکمہ آبپاشی، ریونیو، صحت اور دیگر محکموں کے اعلیٰ احکام سے ملاقات کی اور سیلابی صورتحال اور عوام کو ریلیف کے حوالے سے معلومات حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فلسفہ انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے اور ایم کیو ایم کے عمل و کردار نے ہمیشہ ثابت کیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے عملی کام کررہی ہے، متحدہ قومی موومنٹ سیلاب زدگان کے ساتھ ہے اور مشکل کی گھڑی میں انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔ سیلاب سے بچاؤ کی سرگرمیوں کے سلسلے میں حیدرآباد میں سیلاب کے بڑھتے ہوئے پانی کے پیش نظر حبیب فارم میں واقع سونو خان کھوسہ گوٹھ میں سیلابی پانی داخل ہونے سے واقع کی اطلاع ملتے ہی حیدرآباد زون کے کارکنان و ذمہ داران نے ہنگامی بنیادوں پر گوٹھ میں مکین حضرات کو سیلابی پانی سے محفوظ کر کے حفاظتی مقام پر پہنچایا۔ سکھر میں ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی ارکان نے امدادی ریلیف کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں پر امدادی کاموں کا جائزہ لیا اور سیلاب کے باعث پیدا ہونے والے وبائی امرض کے بعد مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت قائم ہونے والے طبی کیمپوں کے بارے میں مکمل آگاہی فراہم کی اور انہیں بتایا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر میڈیکل کیمپ پر سیلاب متاثرین کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے قاسم آباد، ڈیرہ غازی خان اور سکھر کے سیلاب متاثرین کیلئے 9 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان اور ادویات کی ایک اور بڑی کھیپ روانہ کردی گئی

## امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن اب تک ساڑھے 13 کروڑ روپے مالیت کا امدادی سامان روانہ کرچکی ہے

کراچی۔۔۔23، اگست 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی سے مزید 9 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان اور ادویات کی ایک اور بڑی کھیپ اتوار کے روز قاسم آباد، ڈیرہ غازی خان اور سکھر کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کردی گئی اس طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن اب تک ساڑھے 13 کروڑ روپے کا امدادی سامان اور ادویات متاثرین سیلاب کیلئے روانہ کرچکی ہے۔امدادی کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔امدادی کھیپ میں کروڑوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، ادویات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء شامل ہیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے سکھر کیلئے روانہ کئے گئے امدادی سامان کے ٹرکوں کو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز و وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی وصول کریں گے بعدازاں امدادی سامان اور ادویات کو شکارپور، جیکب آباد اور سکھر کے دیگر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے متاثرین میں تقسیم کریں گے۔ڈیرہ غازی خان کیلئے روانہ کئے گئے امدادی ٹرکوں کو پنجاب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف، افتخار اکبر رندھاوا اور حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر وصول کریں گے اور امدادی سامان کو سیلاب متاثرین میں تقسیم کریں گے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے قاسم آباد کیلئے روانہ کی گئی امدادی کھیپ کو حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق نادیہ گبول، حق پرست خواتین ارکان اسمبلی آنسہ بلقیس مختار اور محترمہ ذرین مجید حیدرآباد میں وصول کرکے متاثرین سیلاب میں تقسیم کریں گی۔امدادی سامان کے ٹرکوں کی قاسم آباد، ڈیرہ غازی خان اور سکھر روانگی کے موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان اور رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اور مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سیلاب زدہ متاثرہ بھائیوں کی امداد سب کا قومی فریضہ ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم اور اس کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن متاثرین سیلاب کیلئے ہر ممکن اور بھرپور خدمات انجام دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کیلئے ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی عملی سرگرمیوں سے لاکھوں متاثرین مستفید ہورہے ہیں اور انشاء اللہ ایم کیوایم سیلاب سے متاثرہ ایک ایک خاندان کی بحالی تک امدادی سرگرمیاں انجام دیتی رہے گی۔انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف رضا کاروں اور کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت افضل ترین عبادت ہے۔

## کراچی سے پشاور جانے والی بس کے سیلابی ریلے میں بہہ جانے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی سے پشاور جانے والی بس کے تونسہ شریف میں سیلابی ریلے میں بہہ جانے کے باعث متعدد افراد کے جاں بحق اور لاپتہ ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جنوبی وزیرستان کے وانا بازار اور وسطی کرم ایجنسی میں منعقدہ جرگے میں بم دھماکوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔23، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جنوبی وزیرستان کے وانا بازار اور وسطی کرم ایجنسی میں منعقدہ جرگے میں بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکوں میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بم دھماکے کھلی دہشت گردی ہیں اور معصوم وبے گناہ لوگوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ جنوبی وزیرستان کے وانا بازار اور وسطی کرم ایجنسی میں منعقدہ جرگے میں بم دھماکوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اور عوام کی جان مال کے تحفظ کیلئے حکومتی سطح پر مزید مئوثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکوں میں متعدد افراد کی شہادت پر تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور ان کے بلند درجات اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## آصف جان کی ٹارگٹ کلنگ میں ہلاکت کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کی افراسیاب خٹک سے ٹیلی فون پر گفتگو الطاف حسین کی جانب سے اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔23، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی کے رکن قومی اسمبلی پرویز خان کے چھوٹے بھائی آصف جان کو کراچی کے علاقے ائیر پورٹ کے قریب مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کر کے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ آصف جان کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق عبرتناک سزا دی جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض امن دشمن عناصر کراچی میں حالات خراب کرنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ سمیت دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے کارکنان اور ان کے عزیز و اقارب کو دہشت گردی کا نشان بنا رہے ہیں تاکہ کراچی کے حالات کو خراب کیا جا سکے۔ رابطہ کمیٹی نے آصف جان کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان کا قتل بھی اس سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد کراچی میں بدامنی اور حالات خراب کرنا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی کی مرکزی قیادت سمیت مقتول کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر لندن میں موجود ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے رکن محمد انور نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما وسینیٹر افراسیاب خٹک سے ٹیلی فون پر جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا ہے اور واقعے کی مذمت کرتے ہوئے اسے شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا حصہ قرار دیا۔ انہوں نے آصف جان کی مغفرت اور ان کے درجات کی بلندی کیلئے دعا بھی۔ اس موقع پر افراسیاب خٹک نے محمد انور اور الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## برطانیہ میں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے سوسائٹی فور انویل اینڈ نیڈی (SUN) کی جانب سے

## سیلاب زدگان کیلئے لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان کراچی روانہ کر دیا گیا

## امدادی سامان کی اس کھیپ میں غذائی اجناس، ادویات اور کپڑے شامل ہیں

لندن۔۔۔23 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر پاکستان کی طرح برطانیہ میں بھی ایم کیو ایم یو کے کے کارکنان اور فلاحی ادارہ SUN یعنی سوسائٹی فور انویل اینڈ نیڈی بھی پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان جمع کر رہا ہے۔ سن کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان گزشتہ روز پی آئی اے کے ذریعے کراچی روانہ کیا گیا۔ امدادی سامان کی اس کھیپ میں غذائی اجناس، ادویات اور کپڑے شامل ہیں۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور SUN کے ٹرسٹی سید طارق میر، ٹرسٹی محترمہ ذکیہ ذبیری اور سن کے ٹرسٹی اور ایم کیو ایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے امدادی سامان کی یہ کھیپ پی آئی اے کارگو کے مینیجر طارق حسین خان کے حوالے کی۔ امدادی سامان کی پاکستان روانگی کے موقع پر SUN کے رضا کار موجود تھے۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے سید طارق میر نے کہا کہ پاکستان میں آنے والے قیامت خیز سیلاب کی وجہ سے شہر کے شہر تباہ ہو چکے ہیں، ہزاروں افراد جاں بحق اور لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے ہیں جو کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ انہوں نے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے نقد عطیات، ادویات، پینے کا صاف پانی اور غذائی اجناس جمع کرائیں۔ اس سلسلے میں SUN کے فون نمبر 0208-89599803 یا ایم کیو ایم یو کے کے آفس پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## کراچی سے پشاور جانے والی بس کے سیلابی ریلے میں بہہ جانے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی سے پشاور جانے والی بس کے تونسہ شریف میں سیلابی ریلے میں بہہ جانے کے باعث متعدد افراد کے جاں بحق اور لاپتہ ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## جنوبی وزیرستان کے وانا بازار اور وسطی کرم ایجنسی میں منعقدہ جرگے میں بم دھماکوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔23، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جنوبی وزیرستان کے وانا بازار اور وسطی کرم ایجنسی میں منعقدہ جرگے میں بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکوں میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بم دھماکے کھلی دہشت گردی ہیں اور معصوم و بے گناہ لوگوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ جنوبی وزیرستان کے وانا بازار اور وسطی کرم ایجنسی میں منعقدہ جرگے میں بم دھماکوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،اس میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اور عوام کی جان مال کے تحفظ کیلئے حکومتی سطح پر مزید مئوثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکوں میں متعدد افراد کی شہادت پر تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کے بلند درجات اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## پولیس کی موجودگی میں سیالکوٹ میں دو بھائیوں کے قتل کے بعد آزاد کشمیر میر پور اور بھمبر میں پولیس کی ہی موجودگی میں خواتین اور نوجوان کو سر عام تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کا سخت نوٹس لیا جائے ،سلیم بٹ

مظفر آباد۔۔۔23، اگست 2010ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سلیم بٹ نے پولیس کی موجودگی میں سیالکوٹ میں دو بھائیوں کے تشدد سے بہیمانہ قتل کے واقعہ کے بعد آزاد کشمیر میں میر پور اور بھمبر میں پولیس کی موجودگی میں خواتین اور نوجوان کو سر عام تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان واقعات کو قومی المیہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات ہمارے قومی تشخص پر ایک بدنما داغ بن ہیں،مہذب اقوام میں ایسے واقعات کا رونماء ہونا اچنبہ کی بات ہے اور آج ملک کے مختلف علاقون میں ہونے والے یہ افسوسناک واقعات حکومت کی رٹ ختم ہونے کے مترادف ہے۔سلیم بٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان فاقی وزیر داخلہ رحمان ملک آزاد کشمیر کے وزیر اعظم سے مطالبہ کیا کہ صحیح معنوں میں قانون کی حکمرانی کیلئے ان واقعات میں ملوث افراد کیخلاف کاروائی کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔آخر میں انہوں نے ان واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆